شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

06دسمبر2023ء

پریس ریلیز

حماس کے مجاہدین امتِ مسلمہ کی طرف سے فرض کفایہ ادا کر رہے ہیں۔

ارضِ فلسطین میں دو ریاستی حل کا فارمولا ناقابل عمل ہے۔

فضائی حدود کی بندش، سفارتی تعلقات کے خاتمے اور مصنوعات کے مکمل بائیکاٹ سے اسرائیل کو سبق سکھایا جائے۔

(کنونشن سنٹر اسلام آباد میں قومی اجتماع کے لیے امیر تنظیم اسلامی شجاع الدین شیخ کا پیغام)

لاہور (پ ر): حماس کے مجاہدین امتِ مسلمہ کی طرف سے فرض کفایہ ادا کر رہے ہیں۔ ارضِ فلسطین میں دو ریاستی حل کا فارمولا ناقابل عمل ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم پر فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی کا مقدمہ چلایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار امیر تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے کنونشن سنٹر اسلام آباد میں ''حرمتِ مسجد اقصیٰ اور امتِ مسلمہ کی ذمہ داری'' کے موضوع پر قومی اجتماع کے لیے اپنے پیغام میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اسرائیل غزہ میں ظلم و ستم کے ساتھ ساتھ گریٹر اسرائیل کے قیام کا منصوبہ بہت واضح انداز میں دنیا کے سامنے پیش کر رہا ہے اور وہ دریائے نیل سے فرات تک اسرائیل کو وسعت دینا چاہتا ہے۔ دوسری طرف مسلمان حکمرانوں کی بے حسی اور بے بسی کا عالم یہ ہے کہ وہ مذمتی بیانات سے آگے بڑھنے کو تیار نہیں۔ امتِ مسلمہ کی قیادت کو یہ طے کرنے کی ضرورت ہے کہ کیا سِسک سِسک کر شہید ہونا ہی مسلمانوں کا مقدر ہے یا ہمیں جرأت ایمانی کا ثبوت دیتے ہوئے توکل علی اللہ کے ساتھ ظلم و جبر کے خلاف آواز بلند کرنی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ایٹمی صلاحیت، بہترین میزائل ٹیکنالوجی اور تربیت یافتہ فوج کے ذریعے امتِ مسلمہ کی قائدانہ صلاحیت سے نوازا ہے لہٰذا ہمارے وزیراعظم کو غزہ میں قتل و غارت بند کرنے کی محض درخواست نہیں کرنی چاہیے بلکہ اس حوالے سے ان پر عائد ہونے والی مزید ذمہ داریاں بھی نبھانی چاہیے۔ اگر امریکی ذمہ داران اسرائیل میں کھڑے ہو کر اس کی پشت پناہی اور حمایت کا اعلان کر سکتے ہیں تو مسلم ممالک کے راہنما مکہ مکرمہ، مصر اور غزہ میں کھڑے ہو کر فلسطینی مسلمانوں کے حق میں آواز کیوں نہیں بلند کر سکتے؟ اُنہوں نے کہا کہ امتِ مسلمہ اسرائیل کی فضائی حدود کی بندش، سفارتی تعلقات کے خاتمے، اسرائیلی مصنوعات کے مکمل بائیکاٹ اور تجارتی پابندیاں لگا کر اسرائیل اور اُس کے پشتی بانوں کو سبق سکھا سکتی ہے۔

جاری کردہ

وسیم احمد

نائب ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 07 December 2023

“The Mujahideen of Hamas are fulfilling the Ummah’s obligatory duty of Jihad on its behalf.”

“The formula proposing a two-state solution in the Holy Land is unacceptable.”

“Israel must be deterred through closure of airspace, termination of diplomatic relations, and a total boycott of products made by Israel and its supporters.”

(Message by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, Shujauddin Shaikh for the national conference held in Convention Center, Islamabad)

Lahore (PR): The Mujahideen of Hamas are fulfilling the Ummah’s obligatory duty of Jihad on its behalf. The formula proposing a two-state solution in the Holy Land is unacceptable. The Israeli Prime Minister should be tried for the genocide of Palestinian Muslims. These views were expressed by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in his message for the national conference held in Convention Center, Islamabad. He said that alongside persecution and brutality in Gaza, Israel is also blatantly expressing its plans to form a Greater Israel, seeking expansion of the illegitimate state from the rivers Nile to Euphrates. On the other hand, the indifferent and weak state of Muslim leaders is such that they are unwilling to move beyond mere speeches of condemnation. The leadership of the Muslim Ummah has to decide whether the fate of the Muslims is to embrace martyrdom without retaliation, or should we rise against oppression in a display of courage stemming from faith, encouraging trust in Allah *(SWT)*. He said that Allah *(SWT)* has blessed Pakistan with the ability of leadership of the entire Muslim Ummah by bestowing upon it nuclear capability, advanced missile technology and a well-trained army, therefore, our Prime Minister should not merely request for the massacre in Gaza to end, but also fulfill other duties which fall on the Islamic Republic of Pakistan in that regard. If American officials can stand in Israel and proclaim complete and unconditional support for the illegitimate state, then why can representatives of Muslim countries not raise their voice for the Palestinian Muslims by gathering in Makkah, Egypt and Gaza? He concluded by saying that the Muslim Ummah can deter Israel and its allies through closure of airspace, termination of diplomatic relations, and a complete boycott of products made by Israel and its supporting countries.

Issued by:
Wasim Ahmed
Naib Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan